جی ایس وی ایم میڈیکل کالج کی 5ویں منزل سے گر کر ڈاکٹر کی موت

بھائی بولا ساتھی ڈاکٹروں نے دھکہ دیا، 2 ڈاکٹر حراست میں

کانپور، (ایس این بی) جی ایس وی ایم میڈیکل کالج کی 5ویں منزل سے گر کر خاتون ڈاکٹر کی موت ہو گئی۔ اس نے بدھ کی شب 12 جون کو سبھی ڈاکٹروں کے ساتھ پارٹی کی تھی۔ پھر سبھی چھت پر گئے۔ تھوڑی دیر بعد چھت سے گرنے کی آواز آئی۔ بھاگ کر سبھی نیچے پہنچے تو دیکھا کہ اس کی موت ہو چکی تھی۔ واقعے کی اطلاع پر پولیس، فارنیسک ٹیم کے ساتھ پہنچی اور اور تفتیش کی۔ ساتھی ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ دیکشا چھت پر جس جگہ بیٹھی تھی وہ کمزور تھی۔ جس کے ٹوٹنے سے وہ نیچے گر گئی۔ حالانکہ خاتون ڈاکٹر کے بھائی نے کہا کہ چھت پر رگڑ کے نشان ہیں۔ اسے چھت سے پھینکا گیا ہے۔ اس کی جانچ ہونی چاہئے۔ فی الحال پولیس نے 2 ساتھی ڈاکٹروں کو حراست میں لیا ہے۔ ساتھ ہی سی سی ٹی وی چیک کر رہی ہے۔

دیکشا تیواری (26) بریلی کی رہنے والی تھی۔ 2024 سیشن میں ہی اس نے ایم بی بی ایس کی پڑھائی پوری کی تھی۔ 25 جون کو میرٹھ میڈیکل کالج میں جوائننگ لینی تھی۔ دیکشا کانپور کے سروپ نگرم یں کرایہ پر رہتی تھی۔ اس کے والد پردیپ تیواری بریلی میں پرنٹنگ پریس کا کام کرتے ہیں۔ کنبے میں ماں رینو تیواری، بھائی مینک تیواری ہیں۔ مینک پونے میں پرائیویٹ نوکری کرتے ہیں۔ ساتھی ڈاکٹروں کے مطابق بدھ کی شب فائنل ایئر کی پڑھائی پوری ہونے کی پارٹی رکھی گئی تھی۔ ہم لوگوں نے پہلے کمرے میں پارٹی کی۔ پھر ہم ایگزام بلڈنگ کی 5 منزلہ عمارت کی چھت پر چلے گئے۔ رات میں تقریباً 12 سے 1 بجے کے درمیان ہم میڈیکل کالج کی چھت پر تھے۔ دیکشا بات کرتے ہوئے چھت پر بنے ڈک پر بیٹھ گئی۔ شاید وہ جگہ پہلے سے کمزور تھی۔ اچانک ٹوٹنے کی وجہ سے حادثہ ہو گیا۔ دیکشا ڈک کے اندر نیچے گر گئی۔ دوستوں کے مطابق اس حادثے کے بعد وہ سبھی ڈر گئے۔ حادثے کے متعلق میڈیکل کالج انتظامیہ کو بتایا۔ انہوں نے بریلی میں والد پردیپ تیواری کو اطلاع دی۔

چچازاد بھائی گورو نے کہا کہ میری بہن کی موت کی جو کہانی سنائی گئی ہے وہ ٹھیک نہیں لگ رہی ہیں۔ چھت پر پیروں کے گھسیٹنے کے نشان ہیں۔ میری بہن پیروں میں چپل کے ساتھ نیچے گری ہے۔ ہمیں شک ہے کہ ساتھی ڈاکٹروں نے اسے چھت پر ڈک میں اندر دھکہ دیا ہے۔

بریلی سے آئے دیکشا کے خالو ارون دوبے نے کہا کہ فارینسک ٹیم نے ٹھیک سے جانچ نہیں کی صرف خانہ پوری کی۔ چھت پر پیروں کے گھسیٹنے کے نشان بنے ہوئے ہیں اسے پولیس نے نظرانداز کر دیا۔ ابھی تک پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج تک ٹھیک سے نہیں دیکھے ہیں۔

جوائنٹ سی پی ہریش چندر نے کہا کہ دو ڈاکٹر حراست میں ہیں۔ ان سے تفتیش کی جا رہی ہے۔ کنبے سے بات کرنے کے بعد سامنے آیا کہ دونوں ساتھی ڈاکٹر کنبے کے بھی بیچ میں تھے۔ گھر پر آنا جانا بھی تھا۔ فارینسک ٹیم نے باڈی پر لگی چوٹ اور اسپاٹ کی جانچ کی۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ کا انتظار کیا جا رہا ہے۔

وائس پرنسپل ڈاکٹر رچا گری نے کہا کہ کالج کیمپس میں آج افسوس کن واقعہ ہوا لیکن آپ کو بتانا چاہیں گے کہ یہ سبھی سابق طلباء 2018 بیچ کے تھے۔ کانپور میڈیکل کالج احاطے سے ان کا کوئی لینا دینا نہیں تھا۔ ان لوگوں نے غلط طریقے سے کالج میں نصف شب داخلہ لیا۔ دیکشا تیواری کے ساتھ ڈاکٹر ہمانشو، ڈاکٹر مینک تھے۔ یہ سبھی کیمپ کے باہر کرایہ پر رہتے تھے۔

کانپور: اسی ڈکٹ سے گر کر ہوئی دیکشا کی موت، تفتیش کرتا ہوا پولیس اہلکار اور پوسٹ مارٹم ہاؤس میں موجود دیکشا کے والد اور انسیٹ میں دیکشا کی فائل فوٹو (تصاویر: ایس این بی)

نوجوان کا قتل کر کے جھاڑیوں میں پھینکی لاش

کانپور، (ایس این بی) پنکی پولیس نے کپلی گاؤں کے پاس انڈر پاس سے کچھ دور جھاڑیوں سے ایک نوجوان کی لاش برآمد کی ہے۔ نوجوان کا چاقو سے گردن ریت کر قتل کیا گیا تھا۔ اس کے جسم پر کئی مقامات پر چوٹوں کے نشان بھی پائے گئے ہیں۔ پولیس نے جائے وقوع کے پاس موجود لوگوں سے نوجوان کی شناخت کرانے کی کوشش کی لیکن کامیابی نہیں ملی۔ پولیس نے لاوارث میں پنچنامہ بھر کر لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا۔ پولیس ہائی وے پر لگے سی سی ٹی وی کیمروں کے فوٹیج دیکھ رہی ہے۔ پنکی پولیس کو جمعرات کی صبح اطلاع ملی کہ کپلی انڈر پاس کے پاس جھاڑیوں میں ایک نوجوان کی خون آلود لاش پڑی ہوئی ہے۔ لاش کی اطلاع پر اے سی پی پنکی ٹی بی سنگھ اور تھانے کا فورس موقع پر پہنچا۔ پولیس نے جھاڑیوں میں مردہ پڑے نوجوان کا معائنہ کیا تو پتہ چلا کہ اس کی گردن چاقو سے ریت کر کیا گیا تھا۔ اس کے علاوہ اس کے جسم پر کئی مقامات پر چوٹوں کے نشان تھے۔ جسم کا خون نکل کر خشک ہو گیا تھا لیکن جھاڑیوں میں کہیں بھی بھاری مقدار میں خون نہیں پڑا تھا۔ پولیس نے موقع سے موجود لوگوں سے لاش کی شناخت کرانے کی کوشش کی لیکن کامیابی نہیں ملی۔ اے سی پی نے بتایا کہ مقتول کی عمر تقریباً 30 سال کے آس پاس ہو گی۔ اس کے کپڑوں سے اس کی شناخت کے کوئی ثبوت نہیں ملے ہیں۔ نوجوان کا کہیں اور قتل کرنے کے بعد لاش کو یہاں لا کر پھینکا گیا ہے کیونکہ جائے وقوع پر پولیس کو خون نہیں ملا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جائے وقوع کے آس پاس اور ہائی وے پر لگے سی سی ٹی وی کیمروں کے فوٹیج دیکھے جا رہے ہیں۔ نوجوان کی شناخت کے لئے شہر کے علاوہ آس پاس کے اضلاع کے تھانوں میں مہلوک کی تصویر بھیج دی گئی ہے۔ لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیجا گیا ہے۔ وہاں کی رپورٹ میں موت کا صحیح سبب پتہ چلنے پر آگے کی کارروائی کی جائے گی۔

اللہ کی رضا کی خاطر اپنا سب کچھ قربان کر دینا عید قربان کا پیغام: مولانا عبداللہ قاسمی

مدرسہ اشاعت الاسلام پریم نگر میں جلسہ فضائل ومسائل قربانی کا انعقاد، کثیر تعداد میں لوگوں کی شرکت

کانپور، (پریس ریلیز) 11 روزہ اجلاس فضائل ومسائل قربانی کے تحت ایک جلسہ پریم نگر واقع مدرسہ اشاعت الاسلام میں قاری محمد اسحاق کی صدارت اور مولانا رضاء اللہ مظاہری کی نگرانی میں منعقد ہوا جس میں جمعیۃ علماء اتر پردیش کے نائب صدر مولانا امین الحق عبداللہ قاسمی کا خصوصی خطاب ہوا۔

مولانا عبداللہ قاسمی نے قربانی کے پیغام پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اللہ رب العزت اپنے مخصوص بندوں کا امتحان لیتے ہیں تاکہ وہ ان کو زیادہ سے زیادہ اجر سے نوازیں۔ سیدنا حضرت ابراہیمؑ اللہ کے خلیل ہیں، عظیم المرتبت پیغمبر ہیں، اس کے باوجود اللہ نے ان کو سخت امتحانات سے گزارا۔ سیدنا حضرت ابراہیمؑ کی پیدائش شرک کے مرکز میں ہوئی۔ توحید کی دعوت دیتے ہوئے آپ کو گھر برادری سے نکال دیا گیا۔ اس سے بات نہ بنی تو آگ کے حوالہ کر دیا گیا۔ ضعیفی میں اولاد ملی، دودھ پیتے بچہ کو صحرا میں چھوڑنے کا حکم دے دیا گیا۔ بچہ جوان ہونے لگا تو ذبح کرنے کا حکم آ گیا لیکن حضرت ابراہیمؑ ان تمام امتحانات میں صد فیصد کامیاب رہے۔ چنانچہ اللہ رب العزت نے ان کو انبیاء کرام میں بہت بڑا مقام عطا فرمایا۔ ان کی دعاؤں کا ذکر قرآن میں کیا۔ حضرت اسماعیلؑ کے قدموں سے نکلنے والے پانی کو مبارک بنا دیا۔ حضرت ہاجرہ کے صفا ومروہ کے چکر کو قیامت تک کیلئے لازم کر دیا۔ حضرت ابراہیمؑ نے شیطان کو کنکر مارا تو وہ عمل حج کا حصہ بن گیا۔ آپ نے اپنے بیٹے کی قربانی دی تو قیامت تک ساری دنیا کے مسلمان اس کے پابند ہو گئے۔ مولانا نے کہا کہ یہ قربانی ہم کو کئی پیغامات دیتی ہے۔ اول تو یہ کہ اللہ اپنے مخصوص بندوں کے اجر میں اضافہ کرنے کیلئے ان کا امتحان لیتے ہیں لہٰذا ہمیں وقتی حالات اور آزمائشوں سے گھبرانا نہیں چاہئے۔ دوسرے یہ کہ جو بندہ امتحان میں کامیاب ہوتا ہے تو اس کو دنیا وآخرت دونوں جگہ خصوصی مقام عطا کیا جاتا ہے۔ تیسرے یہ کہ قربانی محض جانور کے گردن پر چھری چلا دینے کا نام نہیں بلکہ پوری زندگی اپنا سب کچھ حتیٰ کہ اپنی محبوب اولاد بھی اللہ کے حکم خاطر قربان کرنا پڑے تو پیچھے نہیں ہٹنا ہے بلکہ سر تسلیم خم کر دینا ہے۔ مولانا نے قربانی کے فضائل پر گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ حضور اکرم ﷺ نے بعض موقعوں 100/اونٹ قربان کئے ہیں جن میں تقریباً 63/اونٹ اپنے ہاتھوں سے ذبح کئے ہیں۔ چنانچہ قربانی نہایت شوق کے ساتھ کرنی چاہئے۔

جلسے آغاز مدرسہ مرکز الاسلام کے استاذ قاری مبشر نے تلاوت کلام اللہ سے کیا۔ اس موقع پر قاری اسحاق، مفتی عبدالعلیم، حافظ عبدالوارث، محمد اعظم، قاری عثمان اور مولانا نور محمد سمیت کثیر تعداد میں لوگ شریک رہے۔

ایک روزہ اجلاس بعنوان
فضائل ومسائل قربانی
زیر اہتمام
جمعیۃ علماء شہر کانپور

جامعہ محمودیہ اشرف العلوم میں عیدالاضحیٰ کی تعطیل کا اعلان

کانپور، (پریس ریلیز) جامعہ کے ناظم مولانا امین الحق عبداللہ قاسمی نے طلباء کو پند ونصائح سے نوازا

جامعہ محمودیہ اشرف العلوم جامع مسجد اشرف آباد جاجمئو میں عیدالاضحیٰ کی چھٹیوں کا اعلان کر دیا گیا۔ آج بروز جمعرات تعلیم کے بعد جامعہ کے ناظم مولانا امین الحق عبداللہ قاسمی نے ایک ہفتہ کی چھٹی کا اعلان کیا۔ انہوں نے تمام طلباء کو جمعہ کی شام تک جامعہ آنے کی ہدایت جاری کی۔

مولانا عبداللہ قاسمی نے بتایا کہ جامعہ میں 11/شوال کو داخلے شروع ہو گئے تھے۔ امسال بعض نصابی تبدیلیوں کی وجہ سے تعلیمی سلسلہ شروع ہونے میں کچھ تاخیر ہوئی۔ اب جب ایک ماہ کی تعلیم کے بعد ماحول تیار ہوا اور تمام طلباء پورے انہماک کے ساتھ تعلیم میں مشغول ہوئے تو پھر چھٹی کے دن آ گئے۔ مولانا نے کہا کہ اتنی جلدی چھٹی ہونے سے تعلیم کا بہت زیادہ حرج ہوتا ہے لیکن چونکہ اسلام میں دو ہی عیدیں ہیں اور ہر بچہ اپنے اہل خانہ کے ساتھ عید منانا چاہتا ہے۔ اس وجہ سے ایک ہفتہ کی چھٹی کا اعلان کیا گیا ہے اور طلباء کو جمعہ تک حاضری کا پابند کیا گیا ہے۔ ناظم جامعہ نے طلباء کو نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ گھر جاتے ہوئے اپنی طالب علمانہ شان کا خیال رکھیں، زبان محتاط اور کنٹرول میں رہے، اپنے طور طریقے سے اس کا اظہار ہونا چاہئے کہ ہم دین سیکھنے والے طالب علم ہیں۔ مولانا نے بتایا کہ جامعہ میں گزشتہ کئی برسوں سے عمومی قربانی کا سلسلہ موقوف ہے، البتہ شہر و اطراف کے کئی علاقوں میں غریب و ضرورت مندوں تک گوشت پہنچانے کیلئے خصوصی قربانی کا نظم کیا جاتا جس میں جانور بھیج کر، پورے جانور کی قیمت بھیج کر یا حصہ لے کر ضرورت مندوں تک گوشت پہنچانے میں تعاون کیا جا سکتا ہے۔ مولانا نے بتایا کہ جانور کی قیمت اور کٹائی و صفائی وغیرہ ملا کر تقریباً 4 ہزار روپے فی حصہ طے کیا گیا ہے جبکہ مکمل جانور کی قیمت 28/ہزار رکھی گئی ہے۔ مولانا نے کہا کہ جو لوگ یہ چاہتے ہوں کہ ان کی قربانی کا گوشت حقیق ضرورت مندوں تک پہنچ جائے تو وہ حصہ لے سکتے ہیں۔

اس سے قبل حال ہی میں جامعہ کے سینئر استاذ مولانا محمد شفیع مظاہری کے بڑے جوان بیٹے کی رحلت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعائے مغفرت اور ایصال ثواب کا اہتمام کیا گیا جس میں تمام طلباء و اساتذہ نے دعا کا اہتمام کیا۔ مولانا عبداللہ قاسمی نے کہا کہ مولانا کے بیٹے گردے کے عارضہ میں مبتلا تھے، وہ ہمارے جامعہ کے سابق طالب علم بھی رہ چکے تھے، جوان بیٹے کا جانا والدین کیلئے بہت بڑا صدمہ ہوتا ہے، ہم تمام اساتذہ وطلباء مولانا کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اس موقع پر جامعہ کے تمام طلباء واساتذہ موجود رہے۔

گنگا کٹری میں غیر قانونی پلاٹنگ کرنے پر 71 کے خلاف مقدمہ درج

کانپور، (ایس این بی) کے ڈی اے نے ناجائز تعمیر و بغیر لے آؤٹ کے پلاٹنگ کرنے والوں کے خلاف کارروائی شروع کر دی ہے۔ جمعرات کو انفورسمنٹ دستے نے گنگا کٹری علاقے میں 39 ناجائز پلاٹنگ کرنے پر 71 لوگوں کے خلاف مقدمہ درج کرایا ہے۔ 15 دنوں میں 46 ناجائز تعمیر سیل کی گئی ہیں۔ آگے مزید سیلنگ کی کارروائی کی تیاری چل رہی ہے۔

گنگا کٹری میں تحصیل و کے ڈی اے افسران کی ساز باز سے کے ڈی اے کی لینڈ بینک زمین پر 39 ناجائز پلاٹنگ کی گئی ہیں۔ کیورا ہندوپور، بنیاپور میں نجی ہاؤسنگ سوسائٹیاں غیر قانونی طور پر پلاٹ فروخت کر رہی ہیں۔ تقریباً 200 بیگھہ زمین پر زمین مافیاؤں کا قبضہ ہے۔ اس کام میں صنعتکار و لیڈر بھی شامل ہیں۔ کے ڈی اے وی سی کے حکم پر زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت 71 لوگوں کے خلاف مقدمہ درج کرایا ہے۔ اس سے زمین مافیاؤں میں افراتفری مچ گئی۔ کے ڈی اے وی سی مدن سنگھ گربیال کے سخت حکم پر غیر قانونی تعمیر و پلاٹنگ کرنے والوں کے خلاف کارروائی شروع کی گئی ہے۔ ایک ایک سال سے ایک ہی زون میں جمے افسران وانجینئروں کی بھی جانچ کرائی جا رہی ہے۔ ان پر بھی کارروائی کرنے کی بات چل رہی ہے۔ زون ایک میں ایک طرف ناجائز تعمیر سیل ہو رہی ہیں۔ دوسری طرف لوگ سیل کا پٹہ ہٹا کر رات میں خفیہ طریقے سے تعمیر کرا رہے ہیں۔ ایسا ہی ایک معاملہ سول لائن میں پکڑا گیا۔ پلاٹ نمبر 15/250 اے و بی سول لائن میں دو جون کو دستے نے غیر قانونی تعمیر ملنے پر سیل کی تھی۔ اس کے بعد سیل ہٹا کر پھر کام چالو کر دیا گیا۔ اطلاع ملنے پر دستے نے پھر تعمیری کام سیل کر دیا اور مقدمے کی کارروائی کی جا رہی ہے۔ اسی سلسلے میں وی آئی پی روڈ، پی روڈ، سرودے نگر میں سیل توڑ کر تعمیری کام کرایا جا رہا ہے۔ کوپر گنج میں ایک ساتھ 20 تعمیر سیل ہوئی تھیں۔ اس میں کئی عمارتوں میں سیل کا پٹہ ہٹا کر کام کرایا جا رہا ہے۔ وی سی نے سخت حکم دیا ہے کہ سیل ہٹا کر کام کرنے والوں پر مقدمہ درج کیا جائے۔ پنکی میں کئی کے ڈی اے کے پلاٹوں پر فرضی دستاویز لگا کر تعمیری کام کرایا جا رہا ہے۔ دستے کی مہربانی سے نرسنگ ہوم، گیسٹ ہاؤس اور اپارٹمنٹ بن گئے ہیں۔ کئی تعمیر ضابطے کے خلاف ہو رہی ہیں۔ دستے اسے نظرانداز کر رہے ہیں۔ پنکی تھانے کے پاس، بھاٹیہ چوراہا کے پاس، نیوشیولی روڈ میں کئی بڑی تعمیر ہو رہی ہیں۔ کوشل پوری، چمن گنج، قدوائی نگر، گووند نگر و دیگر علاقوں سے ناجائز تعمیر کی شکایات آ رہی ہیں۔

شارٹ سرکٹ سے گھر میں لگی آگ، گرہستی کا سامان جل کر خاک

کانپور، (ایس این بی) برا علاقے میں بدھ کی شب شارٹ سرکٹ سے ایک گھر میں آگ لگ گئی۔ آگ کے شعلے نکلتے دیکھ کر علاقے میں افراتفری مچ گئی۔ آناً فاناً لوگوں نے آگ بجھانے کی کوشش کی لیکن اگ بجھنے کے بجائے مزید پھیلنے لگی۔ آگ بڑھتی دیکھ کر لوگوں نے متعلقہ فائر اسٹیشن کو اطلاع دی۔ موقع پر پہنچی فائر بریگیڈ کی ایک گاڑی نے کافی مشقت کے بعد آگ پر قابو پایا لیکن تب تک گرہستی کا سامان جل کر خاک ہو چکا تھا۔ برا نئی بستی ساکن آنند کٹیار پرائیویٹ ملازم ہیں۔ کنبے میں بیوی انیتا، دو بیٹے و ایک بیٹی ہیں۔ آنند کے مطابق بدھ کی شب وہ کنبے سمیت کھانا کھانے کے بعد چھت پر سونے چلے گئے۔ دیر شب شارٹ سرکٹ سے کمرے میں آگ لگ گئی۔ کمرے سے آگ کے شعلے نکلتے دیکھ کر لوگوں نے شور مچایا۔ شور سن کر آنند اٹھے تو ان کے ہوش اڑ گئے۔ کمرے سے آگ کے شعلے نکلتے دیکھ کر انہوں نے بیوی و بچوں کو اٹھایا اور کسی طرح باہر پہنچے۔ انہوں نے لوگوں کی مدد سے آگ بجھانے کی کوشش کی لیکن آگ بجھنے کے بجائے مزید پھیلتی جا رہی تھی۔ آگ بڑھتی دیکھ کر انہوں نے بیوی و بچوں کو اٹھایا اور کسی طرح باہر پہنچے۔ انہوں نے لوگوں کی مدد سے آگ بجھانے کی کوشش کی لیکن آگ بجھنے کے بجائے مزید پھیلتی جا رہی تھی۔ آگ بڑھتی دیکھ کر انہوں نے متعلقہ فائر اسٹیشن کو اطلاع دی۔ موقع پر پہنچی فائر بریگیڈ کی ایک گاڑی نے علاقائی لوگوں کی مدد سے آگ پر قابو پایا لیکن تب تک گھر کا قیمتی سامان جل کر خاک ہو چکا تھا۔

”عیدالاضحیٰ مسائل شرعیہ اکیڈمی ہیلپ لائن“

کانپور، (پریس ریلیز)

سوال: کیا میت کی طرف سے قربانی کی صورت میں اس کا گوشت صدقہ کرنا لازم ہے؟

جواب: میت کی طرف سے قربانی کرنے کی دو صورتیں ہیں۔ (1) اگر مرحوم نے قربانی کی وصیت کی تھی اور اس کے ترکہ میں سے قربانی کی جا رہی ہے تو اس قربانی کے گوشت کا صدقہ کرنا ضروری ہے۔ مالداروں کے لئے اس وصیت کی قربانی کا گوشت کھانا جائز نہیں ہے۔ (2) اور مرحوم نے وصیت نہیں کی اور اس کے متعلقین ایصال ثواب کے لئے قربانی کرتے ہیں تو اس قربانی کا گوشت مالدار اور فقیر سب کھا سکتے ہیں۔

سوال: کسی دوسرے کی طرف سے اس کی اجازت کے بغیر واجب قربانی کرنا کیسا ہے؟

جواب: کسی دوسرے کی طرف سے واجب قربانی کرنے کے لئے اس کی جانب سے اجازت کا ہونا شرط ہے ورنہ قربانی ادا نہ ہوگی بلکہ بڑے جانور (جس میں سات حصے ہوتے ہیں) میں کسی کی اجازت کے بغیر اس کا حصہ رکھنے سے دیگر حصہ داروں کی بھی قربانی نہیں ہوگی۔

سوال: قربانی کے جانور سے قربانی سے پہلے فائدہ اٹھانا کیسا ہے؟

جواب: قربانی کے جانور سے قربانی سے پہلے فائدہ اٹھانا مثلاً دودھ نکالنا۔ سوار ہونا یا کوئی اور کام لینا مکروہ ہے۔

چوری کے جھوٹے الزام سے عاجز لڑکے نے پھانسی لگائی

پولیس پر تفتیش کے نام پر استحصال کا الزام

کانپور، (ایس این بی) شہر کے مہراج پور تھانہ حلقے کے تحت موبائل چوری کے جھوٹے الزام سے پریشان ہو کر لڑکے نے پھانسی لگا کر خودکشی کر لی۔ اہل خانہ کا الزام ہے کہ لڑکے پر الزام لگا کر اس کا استحصال کیا گیا۔

اطلاع کے مطابق مہراج پور حلقے کے گوریا گاؤں ساکن راجیندر پال کا بیٹا 16 سالہ شیوا پال نے جمعرات کو گاؤں کے باہر نیم کے درخت پر انگوچھے کے سہارے پھانسی لگا کر خودکشی کر لی۔ گاؤں والوں نے واقعے کی اطلاع مہلوک لڑکے کے اہل خانہ کو دی۔ واقعے کی اطلاع پا کر اے سی پی کینٹ سمیت پولیس فورس موقع پر پہنچا اور واقعے کی تفتیش میں لگ گئے۔

والد راجیندر نے بتایا کہ گزشتہ دنوں اٹتی گاؤں ساکن امرناتھ کا موبائل چوری ہو گیا تھا وہ الزام شیو پر لگ رہا تھا۔ بدھ کو کل گاؤں پولیس تفتیش کے لئے شیوا کو چوکی لے گئی۔ جہاں تفتیش کے دوران شیو کو کارروائی کا خوف دکھا کر اس کا استحصال کیا گیا۔ پریشان ہو کر جیل جانے کے خوف سے بغیر کسی کو اطلاع دئے کھیت میں جا کر اس نے پھانسی لگا کر جان دے دی۔ حالانکہ پولیس معاملے کی تفتیش کر رہی ہے۔

اس کے متعلق اے سی پی کینٹ محسن خان نے بتایا کہ پورے معاملے کی تفتیش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ واقعے سے متعلقہ سبھی ثبوت جمع کئے گئے ہیں۔ سبھی نکات پر کی گئی جانچ اور اہل خانہ کی تحریر پر کارروائی کی جائے گی۔ جو قصوروار پایا جائے گا اس پر سخت کارروائی کی جائے گی۔

چچا کے گھر چوری کرنے والا بھتیجا مال سمیت پکڑا گیا

کانپور، (ایس این بی) قدوائی نگر کے سائٹ نمبرون میں 2 دن قبل چچا کے گھر چوری کرنے والے بھتیجے کو پولیس نے چوری کے مال سمیت پکڑ لیا۔ پولیس نے لکھا پڑھی کے بعد ملزم کو جیل بھیج دیا۔ قدوائی نگر چوکی انچارج پرواس شرما نے بتایا کہ قدوائی نگر سائٹ نمبرون ساکن ویرندر سنگھ نے تھانے میں تحریر دیتے ہوئے بتایا تھا کہ 11 جون کی شب کوئی ان کے گھر سے بیٹری، انورٹر سمیت قیمتی سامان چوری کر لے گیا۔ پولیس نے متاثرہ کی تحریر پر مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کی۔ جمعرات کی دوپہر پولیس نے مخبر کی اطلاع پر سائٹ نمبرون ساکن راگھویندر سنگھ عرف راگھو کو گرفتار کر کے تفتیش کی تو اس نے اقبال جرم کر لیا۔ اس نے بتایا کہ وہ ویرندر کا بھتیجا ہے اور 11 جون کی شب اسی نے چچا کے گھر چوری کی تھی۔ پولیس نے اس کی نشاندہی پر چوری کا مال بھی برآمد کر لیا۔ پولیس نے لکھا پڑھی کے بعد ملزم کو جیل بھیج دیا۔

لو سے لوگ پریشان، گرمی سے فی الحال راحت کے آثار نہیں

کانپور، (ایس این بی) شہر میں ابھی بھی زبردست گرمی سے راحت دلانے کے لئے ماحولیات میں کوئی موسمی انتظامات بنتے نظر نہیں آ رہے ہیں۔ بس ایک ہی امید قائم ہے کہ بہار کی سرحد پر 3 دنوں سے رکے مانسون کو کسی تیز ہوا کا سہارا مل جائے جس سے مانسون رفتار پکڑ سکے اور شہر تک آ سکے اور عوام کو راحت مل سکے۔ ایسا فی الحال آئندہ 4 دن نظر نہیں آ رہا ہے۔ ویسے تو دو دنوں سے دوپہر بعد بادل آ رہے ہیں جس سے امس بڑھ رہی ہے اور اس موسم میں سانس کے مریضوں کو دقتیں پیدا ہو رہی ہیں۔ ادھر راہ چلتے لوگ بے ہوش ہو کر اسپتال پہنچ رہے ہیں۔ شہر میں زبردست گرمی کے چل رہے دور سے سبھی نجات چاہ رہے ہیں۔ جمعرات کو شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ایک ڈگری سیلسیس کم ہو کر 43.8 اور کم سے کم 30.8 ڈگری سیلسیس رہا جبکہ ایئرفورس اسٹیشن سے زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 46.6 اور کم سے کم 34.9 ڈگری ہونے کا دعویٰ کیا گیا۔ ہوا شمال مغرب سمت کو 7 کلومیٹر رفتار سے چلی۔ صبح کی رطوبت 36 اور دوپہر بعد 20 ریکارڈ کی گئی۔ شہر تقریباً 15 دنوں سے آگ کی طرح جل رہا ہے۔ عرب کے ریگستان کے تھار ہوتی ہوئی آ رہی ہوائیں عوام کو جھلسا رہی ہیں۔ شہر کی دوپہر بڑی سخت ہو گئی ہے۔ راہ چلتے لوگ بے ہوش ہو کر گر رہے ہیں۔ ہیٹ اسٹرول سے لوگوں کی لاشیں مل رہی ہیں۔ یہ سلسلہ جمعرات کو بھی جاری رہا اور مزید جاری رہنے کے امکانات ہیں۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ بہار کے سرحدی علاقے تک مانسون آ کر رک گیا ہے۔ اب مانسون کو کسی سہارے کی ضرورت وہاں سے بڑھنے کیلئے چاہئے، وہ سہارا کب ملے گا یہ سائنسدان نہیں بتا پا رہے ہیں۔ ویسے وقت سے پہلے شمال مشرقی ریاستوں کے ساتھ بنگال کے کچھ حصوں اور بہار کی سرحد تک مانسون پہنچ چکا تھا۔ ممکن ہے کہ کوئی طاقتور مغربی دباؤ ہی مانسون کو آگے بڑھانے میں تعاون کرے۔ شہر کے موسم سائنسدان ڈاکٹر ایس این پانڈے سنیل نے بتایا کہ بادل آنے لگے ہیں۔ 16 جون تک پتہ چل جائے گا کہ مانسون کب تک شہر میں داخل ہوگا۔ ویسے ہر سال 30 جون تک مانسونی بارش شہر میں ہوتی رہی ہے۔ امسال مانسون 5-4 دن پہلے آنے کے امکانات ابھی تک بنے موسم کے مطابق ہو سکتے ہیں۔

سبکدوش ٹیچر کے بند مکان کا تالہ توڑ کر لاکھوں کی چوری

کانپور، (ایس این بی) نوبستہ تھانہ حلقے میں ایک سبکدوش ٹیچر کے بند گھر کا تالہ توڑ کر داخل ہوئے چوروں نے نقدی سمیت لاکھوں کا مال پار کر دیا۔ صبح تالہ ٹوٹا دیکھ کر پڑوسیوں نے مکان مالک کو اطلاع دی۔

سنجے گاندھی نگر ساکن رام بالک مشرا سبکدوش ٹیچر ہیں۔ کنبے میں بیوی رتنا دیوی، دو بیٹے راجیش و سریش ہیں۔ دونوں بیٹے کنبے سمیت نوئڈا میں رہتے ہیں۔ پڑوسیوں کے مطابق 2 ہفتہ قبل رام بالک بیوی کے ساتھ اپنے آبائی گاؤں اعظم گڑھ گئے تھے۔ گھر پر تالہ لگا تھا۔ ہنس پورم میں رہنے والا ان کا بھانجہ سونو ایک دو دن میں آ کر گھر دیکھ جاتا تھا۔ بدھ کی دیر شب بند گھر کا تالہ توڑ کر داخل ہوئے چور کمرے میں رکھی الماری و بکسوں کے تالے توڑ کر اس میں رکھی نقدی و زیورات لے کر فرار ہو گئے۔ صبح پڑوسی نریش یادو نے مین گیٹ کھلا دیکھا تو انہیں شک ہوا۔ انہوں نے رام بالک کو موبائل پر فون کیا تو پتہ چلا کہ وہ ابھی اعظم گڑھ میں ہیں۔ اس پر وہ پڑوسیوں کو لے کر رام بالک کے گھر پہنچے تو دیکھا کہ کمرے کا سارا سامان بکھرا پڑا ہے اور الماری و بکسے کھلے پڑے ہیں۔ انہوں نے پڑوسیوں کو چوری کی اطلاع دینے کے بعد پولیس کو اطلاع دی۔ موقع پر پہنچی پولیس کا کہنا ہے کہ مکان مالک کے آنے کے بعد چوری گئے مال کا صحیح اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

ضروری اطلاع

قارئین کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اس اخبار میں شائع ہونے والے سبھی اشتہارات پر کارروائی کرنے سے پہلے پوری تحقیق کر لیں اور مناسب صلاح لے لیں۔ کوئی بھی سبسکرائبر جو اس اخبار میں شائع کسی اشتہار جیسے ٹاور، نوکری، قرض سے متعلق یا دیگر کسی بھی طرح کے سلسلہ میں کوئی رقم بھیجتا ہے کیا کسی طبی صلاح پر کوئی کارروائی یا خرچ کرتا ہے یا کوئی وعدہ کرتا ہے تو ایسا وہ اپنے خود کے ضمیر، عقل اور جوکھم پر کریں گے۔ کمپنی، ناشر یا اس کا کوئی ملازم اشتہار دہندہ کے ذریعہ ان کے کسی پروڈکٹ یا سروس کے لیے کیے گئے کسی دعوے کی سچائی کی یقین دہانی نہیں کراتے اور ایسے اشتہارات پر یقین کر کے کسی شخص کو ہوئے کسی خسارے، نقصان اور نتائج کے لیے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

اوقات نماز

فجر	3:45
ظہر	12:08
عصر	4:54
مغرب	7:01
عشاء	8:33
طلوع آفتاب	5:15